
ISSUE 26 JAN-MAR 2020

# PULSE

NEWSLETTER




Pakistan Mercantile Exchange

PMEX

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

## Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX)

is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company limited, ZaraiTaraqiati Bank limited and Pak Kuwait Investment Company limited.

The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services, i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. PMEX's international affiliations include memberships of Association of Futures Markets (AFM), Futures Industry Association (FIA) and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange, Dalian Commodity Exchange, Iran Mercantile Exchange and Belarusian Universal Commodity Exchange.

Gold

Silver

Copper

Platinum

Palladium



**Disclaimer**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.

Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design by: d.Studio
Printer: Appletree Graphics

# CONTENT


01 Message from the Desk of Managing Director

02 PMEX All Set to Play its Due Role in Electronic Warehouse Receipts

03 New Features Go Live in MT5

03 PMEX Managing Director Meets Federal Minister for Maritime Affairs

04 Awareness Programs

05 PMEX Remains Operational in Times of Covid-19 Pandemic Outbreak

06 PMEX at Career Fairs

07 Circulars and Notifications

08 Top Ten Brokers

09 PMEX Highlights

10 Price Trends of Commodities






**Pakistan Mercantile Exchange Limited**

**Head Office:** 3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV,
Ch. Khalique-uz-Zaman Road, Gizri, Karachi – 75600, Pakistan.
UAN: (+9221) 111-623-623
Fax: (+9221) 35155-022
Email: info@pmex.com.pk

**Islamabad Office:** Office No. G-9(B), ISE Towers, Jinnah Avenue
Blue Area, Islamabad. Tel: (+9251) 2894003-4

**Lahore Office:** Office # 01, P2 Floor Ali Tower, 105- B2,
M.M Alam Road Gulberg 3, Lahore. Tel: (+9242) 35752825-6

**Customer Support Services**
UAN: (+9221) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

Message from the Desk of
# Managing Director



## I welcome you to the first issue of Pulse 2020.

The year 2019 was another successful year for Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX). The Exchange witnessed a significant surge in profit and volume which exhibits the growing interest of market participants in using our diversified product suite to invest, trade and hedge at a regulated platform. We are confident that trading volume will increase further over the years.

During the outgoing year, we continued efforts to further enhance our product portfolio and create opportunities for the market participants. We listed new cash settled futures contracts of wheat, corn, soybean, palladium and Japan Equity Index during the year.

In order to protect the interest of clients and boost their confidence in futures market, Direct Fund Model (DFM) was deployed during the year. This model empowers the investor(s) to directly deposit and withdraw funds from their account without going through their broker(s) thereby having full control over the account. Moreover, to provide enhanced and seamless trading experience to market participants, a dedicated Universal Access Number (UIN) was also deployed.

In the coming year, we plan to focus on linking to the local economy by connecting to the Collateral Management setup and facilitate trading of Electronic Warehouse Receipts (EWRs) on our electronic trading platform. This is in addition to the Global Trading Platform (GTP) which will cater to export of local commodities especially agricultural commodities. Moreover, in addition to further enriching the market by upgrading the technology platform, we are focusing on physical gold in terms of providing a retail market place to buy and sell physical gold on the exchange platform conveniently and efficiently. In parallel, we are also working to list Market Treasury Bills and cash settled futures contracts of palm oil.

Finally, I take this opportunity to thank PMEX Board of Directors, Securities and Exchange Commission of Pakistan and market participants for their continued patronage and confidence in the PMEX management team.

Thank You


**Ejaz Ali Shah**
Managing Director

# PMEX All Set to Play its Due Role in Electronic Warehouse Receipts

Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) commenced its operations in 2007 with the objective to offer facilities for the trading of locally produced agricultural commodities as well as commodities that are actively traded at leading international commodity exchanges.

Over the last 13 years, PMEX has emerged as a vibrant national institution. It has successfully expanded its product suite, extended outreach by inducting new members and liquidity providers, increased footprint by opening branches in Lahore and Islamabad and upgraded technology and risk management systems. At present, PMEX offers an efficient and viable platform for trading/investment/ hedging in international commodities. Its product suite includes almost all the commodities actively traded at the leading commodity exchanges around the world.

The Exchange remains committed to play its due role in developing a robust and sustainable ecosystem for the trading of indigenous commodities by linking itself with the local economy. To achieve this objective, PMEX is set to play its due role in the recent initiative taken by Government of Pakistan (GoP) led by Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) for establishing a mechanism for the trading of Electronic Warehouse Receipts (EWR) for the development of the agricultural sector in the country. In this regard, Pakistan's first Collateral Management Company (CMC) has been formed and expected to become operational by mid-2020. Simultaneously, the Exchange is in the process of integrating its system with CMC to offer an end-to-end trading facility to the farmers.



Introduction of trading of EWR will be a game changer in revolutionizing the agriculture landscape of the country. It is expected that it will reap myriad of benefits for all key stakeholders of the agriculture value chain including the following:

First, it would enhance farmers' access to the agricultural credit. At present, small farmers find it difficult to access credit from banks due to non-availability of acceptable collateral. As a result, farmers face twin problems: 1) they have to borrow funds from non-banking sources for the purchase of inputs and 2) once the crop is harvested, they are forced to sell their produce at low prices to the middlemen to meet their urgent financial needs, which deprives them from earning a decent return on their produce. Introduction of EWR will help farmers to obtain credit from banking system by offering their produce as collateral. Resultantly, they will avoid distress sale and hold their produce till the time prices become attractive, thus improving their profitability.

Second, it would help the Government in documenting the agricultural sector and achieve the ultimate objective of 'achieving food security'; the added advantage will be expansion of the tax net. Another significant benefit is standardization of commodities through grading and reduction in post-harvest losses. Moreover, in addition to containing post-harvest losses, additional foreign exchange would be earned by exporting the saved quantities.

Third, it would encourage investment in better quality warehouses and their management systems throughout the country thereby creating investment & employment opportunities.

Finally, this mechanism would also play an imperative role for PMEX as trading of EWR at the Exchange's platform is expected to create a vibrant unified national market for agricultural commodities. The Exchange is confident that such a market for agricultural commodities at a pan-Pakistan level will be a game changer for revitalizing the agricultural sector of the country.

In future, PMEX plans to look into the possibility of integrating the EWR trading platform with the planned Global Trading Platform (GTP) - the first international digital trading platform of its kind which will showcase local commodities to the global market by offering an end-to-end one-window solution. Such an integration will greatly enhance the market place for local producers as they will be able to offer their produce to local as well as global customers.

At present, the Exchange is actively working on EWR trading platform as well as GTP under the guidance of PMEX Board and Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP).

# New Features Go Live in MT5

It is the ongoing pursuit of PMEX to facilitate market participants to make informed decisions. In line with this endeavor, the Exchange has enabled the following features in MetaTrader 5 (MT5):

### 1. Economic Calendar

It is a fundamental market analysis tool to provide useful information about macroeconomic events. Using the economic calendar, the market participants can keep track of key events and evaluate their effect on futures markets. Information about economic indicator releases can help market participants to formulate informed trading decisions and forecast future market developments. The Exchange has also provided the economic calendar at its website.

### 2. News

This feature allows the market participants to keep themselves abreast with the daily, hourly, and minute-by-minute market information. Moreover, this tool serves as an intelligent curation of the financial media's most insightful stories.

### 3. Push Notifications

Through this feature, market participants now receive push notifications on MT5 mobile application. Once market participants download MT5 mobile application for iOS or Android, they will start getting timely alerts and other updates being sent by the Exchange through push notifications on their mobile phones.

### 4. MT5 Web Platform

The MT5 web platform allows market participants to trade futures from any browser and from any device. All the functions that are available in the MT5 desktop platform can be accessed directly on the MT5 web platform. With an internet connection, market participants can access their accounts and trade in just a couple of clicks. Trading on the Web platform is safe, while any transmitted information is securely encrypted. To start trading from MT5 Web platform, please log onto **https://www.pmex.com.pk/mt5-web-terminal/**. This service will be available till May 29, 2020 for trial purpose.

Disclaimer: The Economic Calendar and News are the features of MT5 which is a third-party product. PMEX does not accept any responsibility or liability for any inaccuracy/ irregularity in information contained therein. Any loss of business or profit or any direct, indirect or consequential loss resulting from use of the information shall be the sole responsibility of the users.

# PMEX Managing Director Meets Federal Minister for Maritime Affairs

Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX met honorable Federal Minister for Maritime Affairs, Ali Zaidi on April 20, 2020. During the meeting, Mr. Shah briefed the honorable Minister about progress of the Exchange in last thirteen years as well as initiatives it is taking in developing a robust and sustainable ecosystem for indigenous commodity trading by linking itself to the local economy. He also briefed about the upcoming PMEX Global Trading Platform which will showcase local commodities, which are primarily exported, along with the other non-agricultural commodities to the global market.

The honorable Minister appreciated the vision of the Exchange in developing an active local market for agriculture commodities. He assured his full cooperation and support to PMEX in the development of a vibrant futures market in Pakistan.

# Awareness Programs

## Futures Training 101

The Exchange conducted 8 training sessions this quarter under the banner “Futures Trading 101”. These sessions were attended by a wide array of potential investors from different walks of life. The training provided in-depth knowledge about futures trading at PMEX. The weekly free-of-cost training sessions were held on every Wednesday from 4:00 pm to 5:00 pm at PMEX premises.

## Sessions at Educational Institutes

During Jan-Mar 2020 quarter, PMEX organized awareness sessions for the students and faculty members of different universities and business schools. In Islamabad, these sessions were organized at National University of Sciences & Technology (NUST). In Lahore a session was arranged at Kinnaird College for Women while in Karachi an awareness sessions was held at NED University of Engineering and Technology.





The participants were briefed about commodity trading, Exchange’s integrated business model, technology infrastructure and existing and upcoming products. The students were also briefed about MetaTrader 5 Demo Trading facility, which is similar to the real trading with the exception that it uses virtual money.

# PMEX Remains Operational in Times of COVID-19 Pandemic Outbreak

The Novel COVID-19 pandemic outbreak has caused unprecedented global disruption. It has shaken up the stability of financial markets all around the world and tested the resilience of the systems as never before. In light of the prevailing situation, PMEX closely monitored the evolution of the pandemic outbreak in the country, assessed the emergency situation and the impact on its business, employees, market participants and business partners. The Exchange managed to rise above the challenging time and ensured smooth continuity of all its business functions during the pandemic outbreak.



In response, the Exchange took a number of precautionary measures to protect its employees and their families along with market participants and other stakeholders during this time. First and foremost, PMEX successfully run 24 hours trading operations for five business days a week. During this time, rotational employees were assigned as per their shift schedules to office while other employees accessed critical business systems remotely from home. Second, the Exchange temporarily closed its branch offices in Islamabad and Lahore for public dealing to maintain social distancing. While branch offices were closed, the staff kept working from home and provided services to the best of its abilities to market participants through virtual means. Third, the Exchange strongly advised all its brokers from time to time to adopt and effectively implement appropriate risk mitigation procedures over and above PMEX's risk management regime. Fourth, the customer support services team remained highly responsive and provided speedy, reliable services to market participants.

Working with a business model that requires round the clock operations, PMEX relentlessly strives to upgrade its systems and processes in order to provide seamless services to market participants. The Exchange has a comprehensive Business Continuity Program (BCP) which comprises of a resilient Information Technology infrastructure, crisis management plan and recovery process. The BCP equips PMEX with readiness and responsiveness for running all critical business operations without compromising on the quality of services in case of a pandemic outbreak and other eventualities.

# PMEX at Career Fairs

During Jan - Mar 2020 quarter, PMEX participated in career fairs organized by Iqra University, Shaheed Zulfikar Ali Bhutto Institute of Science and Technology (SZABIST) and Sir Syed University for Engineering and Technology. The purpose of participation in these fairs was to offer an opportunity to new and graduating students along with the alumni to meet the team of Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange and discuss with them the opportunities of internships and employment.

Ms. Faiza Hussain, Head of Human Resources, conducted engaging and interactive sessions. She briefed the students and the faculty members about the core business of the Exchange with especial emphasis on recruitment process. The participants watched the presentation with keen interest and also actively participated in Q&A sessions.






# Circulars and Notifications

**January 01, 2020**
All brokers were informed that the Exchange has revised its market timings to remove disparity with international markets, except for local agri and financial futures contracts. The new timing became effective from January 02 2020.

**January 02, 2020**
All members were informed that Annual Membership Fee of PKR 75,000 had become due on January 01, 2020. They were advised to pay it latest by January 31, 2020. The Members were also informed about conditions to avail rebate of PKR 25,000.

**January 31, 2020**
All brokers were informed that the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has proposed certain amendments in the Securities and Exchange Commission of Pakistan (Anti Money Laundering and Countering Financing of Terrorism) Regulations. They were requested to submit their comments/ feedback, if any, on the draft amendments to SECP latest by February 27, 2020.

**February 06, 2020**
All brokers were informed that SECP has issued a new directive S.R.O. 55(1)/2020 dated January 28, 2020. They were advised to comply with the reporting requirements and submit information in the prescribed manners to SECP. The quarterly requirement under the Directive shall be applicable for the quarter ending March 31,2020.

**March 02, 2020**
All concerned were informed that as per SECP directive dated January 16, 2020 and in exercise of powers conferred under PMEX General Regulations the trading rights of brokers were suspended with effect from February 28, 2020 until further notice.

**March 05, 2020**
All market participants were informed about revised market timings due to Daylight Saving Time (DS) 2020 becoming effective in the United States. These timings became effective from March 09, 2020 and were applicable on all International commodities.

**March 12, 2020**
Following its ongoing pursuit to facilitate market participants in making informed decisions, PMEX made live some new features of Meta Trader 5 (MT5).

**March 16, 2020**
Due to Coronavirus breakout, all brokers were strongly advised in their own interest to adopt and effectively implement appropriate risk mitigation procedures over and above PMEX's risk management regime.

**March 17, 2020**
All market participants were informed that the Exchange has provided Meta Trader 5 (MT5) web platform, which allows them to trade futures from any browser and from anywhere. They were informed that web platform is safe because any transmitted information is securely encrypted. The participants were also requested to share their feedback.

**March 23, 2020**
All Market participants were informed that the SECP through its Directive dated March 19, 2020 directed National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL) to relax the requirement of performing biometric verification at the time of opening of account and allow investors to perform this within 90 days from the date of opening of account.

**March 23, 2020**
All Market participants were informed that in view of the prevailing circumstances and as a precautionary measure for containment of COVID-19, PMEX branch offices in Islamabad and Lahore shall remain closed for public dealing from Tuesday March 24, 2020 until further notice. However, staff would provide services to

# TOP TEN BROKERS

Jan - Mar, 2020

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 2 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 3 | BIPL Securities Limited | BMA Capital Management Limited |
| 4 | JS Global Capital Limited | FinTech (Pvt.) Limited |
| 5 | FinTech (Pvt.) Limited | BIPL Securities Limited |
| 6 | Topline Securities Limited | Topline Securities Limited |
| 7 | IGI Finex Securities Limited | Asad Mustafa Securities (Pvt.) Limited |
| 8 | Shajar Capital Pakistan (Pvt.) Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 9 | AKD Securities Limited | JS Global Capital Limited |
| 10 | Nachfolger (Pvt.) Limited | AKD Securities Limited |

market participants through virtual means. In case of any assistance or information, market participants were requested to directly approach PMEX Customer Support Services or if required, contact the respective branch manager.

**March 27, 2020**
All Brokers and their Clients were informed that the Exchange is committed to ensure business continuity and offer its service in the best possible manner during Novel Coronavirus (COVID-19) pandemic outbreak in the country. To allocate the funds deposited by the Clients in a timely manner, all Brokers and their Clients were advised to strictly follow the guidelines communicated vide PMEX Notification No.: PMEX/MKT, BD&CSS/ 2019/24 dated April 30, 2019 on Direct Fund Model.

Total contracts traded

**656,700**

Total Rupee Value Traded


**427.298** billion

Number of Brokers active


**53**

# PMEX Highlights


## PMEX VOLUME COMPARISON WITH PAKISTAN STOCK EXCHANGE
**in PKR Billions**





## TRADED VOLUME





## VOLUME OF 14 MAJOR COMMODITIES
**in PKR Billions**




## NEW UNIS




## DEMO TRADING ACCOUNTS



# دس سرفہرست بروکرز

جنوری۔مارچ2020ء

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | اےچ۔جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ | اےچ۔جی مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ | بی ایم اے کیپٹل مینجمنٹ لمیٹڈ |
| ۴ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ | فنٹیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | فنٹیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ | بی آئی پی ایل سیکیورٹیز لمیٹڈ |
| ۶ | ٹاپ لائن سیکیورٹیز لمیٹڈ | ٹاپ لائن سیکیورٹیز لمیٹڈ |
| ۷ | آئی جی آئی فنکس سیکیورٹیز لمیٹڈ | اسد مصطفٰے سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۸ | شجر کیپٹل پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۹ | اے کے ڈی سیکیورٹیز لمیٹڈ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ |
| ۱۰ | نیشنوگر (پرائیویٹ) لمیٹڈ | اے کے ڈی سیکیورٹیز لمیٹڈ |

کل تجارتی معاہدے

**656,700**

کل تجارتی رقم

**427.298**

بلین روپے

ایکٹیو بروکرز کی تعداد

**53**

تاہم تمام اسٹاف مارکیٹ کے شرکاء کو ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سروس فراہم کرتا رہے گا۔ کسی بھی وقت معلومات کے حصول یا مدد حاصل کرنے کے لیے مارکیٹ کے شرکاء پی ایم ای ایکس کے کسٹمر سروسز سے رابطہ کر سکتے ہیں اور اگر ضرورت ہو تو متعلقہ برانچ منیجر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## 27 مارچ 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء اور ان کے کلائنٹس کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج کووڈ-19 کی ملک بھر میں وباء پھیلنے کے باوجود اس بات کا پابند ہے کہ بزنس کنٹی نیوٹی کو یقینی بنائے اور اپنی خدمات بہترین طریقے سے فراہم کرتا رہے۔ بروکرز اور ان کے کلائنٹس کو آگاہ کیا گیا فنڈ کے بروقت ٹرانسفر کے لیے وہ ان گائیڈ لائنز پر سختی سے عمل کریں جو پی ایم ای ایکس کے جاری کردہ نوٹیفکیشن PMEX/MKT,BD&CSS/2019/24 میں دی گئی ہیں۔ یہ نوٹیفکیشن 30 اپریل 2020ء کو ڈائریکٹ فنڈ کے تحت جاری کیا گیا تھا۔

# سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز

### 01 جنوری 2020ء

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج نے بین الاقوامی مارکیٹس سے اوقات کے فرق کو ختم کردیا ہے۔ ماسوائے مقامی ایگری کلچرل اور فنانشل فیوچرز کنٹریکٹس کے نئے اوقات کار 02 جنوری سے نافذ العمل کردیئے گئے ہیں۔

### 02 جنوری 2020ء

تمام ممبرز کو آگاہ کیا گیا کہ 75,000 روپے کی سالانہ ممبر شپ فیس 01 جنوری 2020ء کو قابلِ ادائیگی ہوگئی ہے۔ ان کو ہدایت دی گئی کہ یہ رقم 31 جنوری 2020ء تک ادا کردیں۔ ممبرز کو ان شرائط سے بھی آگاہ کیا گیا جو مکمل کرنے پر ان کو 25,000 روپے کا ریبیٹ ملے گا۔

### 31 جنوری 2020ء

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (اینٹی منی لانڈرنگ اینڈ کاؤنٹرنگ فنانسنگ آف ٹیررازم) ریگولیشنز میں کچھ ترامیم تجویز کی ہیں۔ ان سے درخواست بھی کی گئی کہ ان تجویز کردہ ترامیم کے بارے میں اپنی آراء اور تبصرے، اگر ہوں تو، 27 فروری 2020ء تک ایس ای سی پی میں جمع کرادیں۔

### 06 فروری 2020ء

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ ایس ای سی پی نے 28 جنوری 2020ء کو ایک نیا ڈائریکٹو جاری کیا ہے جس کا نمبر SRR 55(1)2020 ہے۔ ان کو ہدایت کی گئی ہے کہ رپورٹنگ کے طریقہ کار پر مکمل طور پر عمل درآمد کریں اور معلومات ایس ای سی پی کے تجویز کردہ طریقہ پر فراہم کریں۔ اس ڈائریکٹیو کے مطابق معلومات فراہم کرنا اس سہ ماہی سے لازم ہوگا، جس کا اختتام 31 مارچ 2020ء کو ہوگا۔

### 02 مارچ 2020ء

تمام متعلقین کو آگاہ کیا گیا کہ ایس ای سی پی کے 16 جنوری 2020ء کو جاری کردہ ڈائریکٹو اور پی ایم ای ایکس جنرل ریگولیشنز پر عمل کرتے ہوئے ان تمام بروکرز کے ٹریڈنگ رائٹس 28 فروری 2020ء سے تاحکم ثانی معطل کردیے گئے ہیں۔ جن کے نام اس نوٹیفکیشن کے ساتھ منسلک لسٹ میں درج ہیں۔

### 05 مارچ 2020ء

تمام مارکیٹ کے شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم (ڈی ایس) 2020 کو مدنظر رکھتے ہوئے مارکیٹ ٹائمنگ میں تبدیلی کی گئی ہے۔ یہ ٹائمنگ 09 مارچ 2020ء سے تمام انٹرنیشنل کموڈیٹیز پر لاگو ہوں گے۔

### 12 مارچ 2020ء

پی ایم ای ایکس نے میٹا ٹریڈر 5 (ایم ٹی 5) کے کچھ اور نئے فیچرز متعارف کرادیے ہیں۔ یہ اس سلسلے کی کڑی ہے جس کے ذریعے ایکسچینج اپنے مارکیٹ کے شرکاء کو سہولتیں فراہم کرتا ہے تاکہ وہ معلومات کی بنیاد پر اپنے فیصلے کرسکیں۔

### 16 مارچ 2020ء

کرونا وائرس کی وباء کے پھیلنے کی وجہ سے تمام بروکرز کو ان کے اپنے مفاد میں آگاہ کیا گیا مناسب رسک مٹیگیشن پروسیجرز پر ان ہدایات سے بھی بڑھ کر کام کریں جو پی ایم ای ایکس کا رسک مینجمنٹ کا نظام بتاتا ہے۔

### 17 مارچ 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج نے میٹا ٹریڈر 5 (ایم ٹی 5) کا ویب پلیٹ فارم متعارف کرادیا ہے۔ جس کے ذریعے وہ دنیا بھر میں کہیں سے بھی اور کسی بھی براؤزر کے ذریعے فیوچرز میں ٹریڈ کرسکتے ہیں۔ ان کو اطلاع دی گئی کہ یہ پلیٹ فارم محفوظ ہے کیونکہ تمام انفارمیشن جو ٹرانسمٹ کی جاتی ہے محفوظ طریقہ سے انکرپٹ کی جاتی ہے۔ شرکاء سے یہ بھی درخواست کی گئی کہ اپنی رائے فراہم کریں۔

### 23 مارچ 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ایس ای سی پی نے اپنے ڈائریکٹیو جو 19 مارچ 2020ء کو جاری کیا ہے نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان (این سی سی پی ایل) کو ہدایت کی ہے کہ بائیومیٹرک کی تصدیق کے لیے کچھ مراعات فراہم کرے اور اکاؤنٹ کھولنے کی وقت پر تصدیق کے بجائے 90 دن کے اندر اس عمل کو مکمل کرنے کی سہولت فراہم کرے۔

### 23 مارچ 2020ء

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ کووڈ-19 کے پھیلاؤ پر قابو پانے اور حفظ ماتقدم کے طور پر ایکسچینج نے اپنا لاہور اور اسلام آباد کا دفتر 24 مارچ 2020ء سے تاحکم ثانی بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔

# پی ایم ای ایکس کی ملازمت کی مہم میں شرکت

جنوری ۔ مارچ 2020ء سہ ماہی کے پی ایم ای ایکس نے اقراء یونیورسٹی، شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (ایس زیڈ اے بی آئی ایس ٹی) اور سرسید یونیورسٹی فار انجینیئرنگ اور ٹیکنالوجی میں ہونے والی ملازمت مہم میں شرکت کی ۔ اس مہم میں شرکت کا مقصد ان اداروں میں آنے والے طلباء اور پاس ہونے والوں اور سابق طلباء کی ملک کے پہلے اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج کی ٹیم کے ساتھ ملاقات تھی اور ان کو یہاں موجود انٹرن شپ اور ملازمت کے مواقع کے بارے میں معلومات فراہم کرنا تھی۔

فائزہ حسین، ہیڈ آف ہیومن ریسورس نے ان باہمی دلچسپی کے پروگرامز کو ترتیب دیا۔ انہوں نے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کو ایکسچینج کے بنیادی کاروبار کے بارے میں آگاہ کیا جس کا محور ملازمت کے حصول کا طریقہ تھا۔ شرکاء نے پریزنٹیشن میں گہری دلچسپی لی اور سوال و جواب کے مرحلہ میں بھرپور شرکت کی۔






# پی ایم ای ایکس کووڈ-19 کے دوران مکمل آپریشنل



کووڈ-19 نے دنیا بھر میں کاروباری سرگرمیوں کو اس طرح متاثر کیا ہے کہ اس کی مثال نہیں ملتی۔ اس نے فنانشل مارکیٹس کو ساری دنیا میں ہلا کر رکھ دیا ہے۔ اور اس طرح نظام کی کارکردگی کو آزمایا ہے جس کی پہلے کہیں نظیر نہیں ملتی۔ دنیا بھر میں پھیلتی اس وباء کو پاکستان میں پی ایم ای ایکس نے بہت قریب سے مانیٹر کیا ہے۔ ایمرجنسی کا اندازہ لگایا ہے اور اس کے کاروبار، ملازمتیں، مارکیٹ کے شرکاء اور کاروبار کے پارٹنرز پر اثرات کا مطالعہ کیا، ایکسچینج نے اس چیلنج کا بھرپور مقابلہ کیا ہے۔ اس بات کو یقینی بنایا کہ وباء کے پھیلاؤ کے باوجود کاروبار کے تسلسل کو برقرار رکھا جاسکے۔

اس وباء کے پھیلاؤ کو مدنظر رکھتے ہوئے ایکسچینج نے متعدد حفاظتی اقدامات اٹھائے جن کا مقصد ادارے کے ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ مارکیٹ کے شرکاء اور دیگر وابستہ لوگوں کی بھرپور حفاظت تھا۔ سب سے پہلے اور سب سے مقدم ایکسچینج نے 24 گھنٹے مسلسل اور ہفتہ میں پانچ دن کامیابی سے اپنی آپریشنز کو جاری رکھا۔ اس موقع پر شفٹوں میں کام کرنے والے لوگ حسب معمول آفس آتے رہے جبکہ بقیہ اسٹاف نے اپنے گھروں سے کام جاری رکھا۔ دوئم ایکسچینج نے اپنے لاہور اور اسلام آباد برانچوں کو پبلک ڈیلنگ کے لیے بند کردیا۔ جبکہ اسٹاف نے اپنے گھروں سے کام جاری رکھا اور اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ سوئم ایکسچینج نے اپنے تمام بروکرز کو سختی سے ہدایت دی کہ وہ ممکنا خطرات سے نمٹنے کے لیے پی ایم ای ایکس کی جاری کردہ ہدایات سے بھی بڑھ کر احتیاط سے کام کریں۔ چہارم کسٹمر سپورٹ سروسز سے وابستہ ٹیم نے نہایت ذمہ داری کا ثبوت دیا اور تیز تر اور قابل بھروسہ طریقہ سے مارکیٹ کے شرکاء کو خدمات فراہم کیں۔

پی ایم ای ایکس کا بزنس ماڈل ایسا ہے جس میں 24 گھنٹے آپریشنز جاری رہتے ہیں۔ اس لیے ایکسچینج کی بھرپور کوشش ہوتی ہے اس کے سسٹمز اور کام کرنے کے طریقوں کو اپ گریڈ کیا جائے تا کہ وہ مارکیٹ کے شرکاء کو بغیر کسی رکاوٹ کے خدمات فراہم کی جاسکیں۔ ایکسچینج کا ایک جامع بزنس کنٹیونٹی پروگرام (بی سی پی) ہے جو لچکدار انفارمیشن ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر، کرائسس مینجمنٹ پلان اور ریکوری پراسس پر مشتمل ہے۔ بی سی پی پلان ایکسچینج کو اس قابل بناتا ہے کہ کسی بھی مشکل وقت میں اپنے اہم بزنس آپریشنز کو معیار پر سمجھوتا کیے بغیر جاری رکھ سکے چاہے وہ وباء ہو یا کوئی قدرتی آفت۔

# آگاہی پروگرامز

## فیوچرز ٹریننگ 101

ایکسچینج نے فیوچرز فیوچرز ٹریننگ 101 کے تحت 8 ٹریننگ سیشنز کیے۔ ان سیشنز میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ممکنا سرمایہ کاروں نے شرکت کی۔ ان سیشنز میں پی ایم ای ایکس پر ہونے والی فیوچرز ٹریڈنگ کے بارے میں وسیع معلومات فراہم کی گئیں۔ یہ بلا معاوضہ ہفتہ وار ٹریننگ سیشنز ہر بدھ کو شام 4 بجے سے 5 بجے تک پی ایم ای ایکس کے دفتر میں منعقد کیے جاتے ہیں۔

## تعلیمی ادارے

جنوری۔مارچ 2020ء سہ ماہی کے دوران پی ایم ای ایکس نے مختلف یونیورسٹیز اور بزنس اسکولز کے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کے لیے آگاہی پروگرامز منعقد کیے۔ اسلام آباد میں ایک سیشن نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (این یو ایس ٹی) میں منعقد کیا گیا۔ لاہور میں ایک سیشن کینارڈ کالج فار ویمن کے لیے منعقد کیا گیا جبکہ کراچی میں ایک سیشن این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینیئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے طلباء کے لیے منعقد کیا گیا۔



شرکاء کو کموڈٹی ٹریڈنگ، ایکسچینج کے باہم مربوط بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر اور موجودہ اور مستقبل میں متعارف کرائی جانے والی پراڈکٹس کے بارے میں بتایا گیا۔ طلباء کو میٹا ٹریڈر 5 ڈیمو ٹریڈنگ کی سہولت کے بارے میں بتایا گیا جو حقیقی ٹریڈنگ سے مشابہ ہے، فرق صرف یہ ہے کہ اس میں فرضی رقم استعمال کی جاتی ہے۔



# ایم ٹی 5 کے نئے فیچرز کا تعارف

پی ایم ای ایکس کی مسلسل کوشش ہے کہ مارکیٹ کے شرکاء کو وہ سہولتیں فراہم کرے جن کو استعمال کر کے وہ زیادہ بہتر فیصلے کر سکیں۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایکسچینج نے میٹا ٹریڈر 5 (ایم ٹی 5) کے درج ذیل فیچرز کو متعارف کر دیا ہے:

## ۱۔ اکنامک کلینڈر

یہ مارکیٹ کے تجزیہ کا ایک متبادل ٹول ہے جو اہم معلومات فراہم کرتا ہے اور میکرو اکنامک ایونٹس کی تفصیلات فراہم کرتا ہے۔ اس اکنامک کلینڈر کو استعمال کرتے ہوئے مارکیٹ کے شرکاء آنے والے ایونٹس سے باخبر رہ سکتے ہیں اور ان کے فیوچرز مارکیٹ کے شرکاء اپنے فیصلوں کو زیادہ بہتر بنا سکتے ہیں اور فیوچرز مارکیٹ میں آنے والی تبدیلیوں کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ ایکسچینج نے اکنامک کلینڈر اپنی ویب سائٹ پر بھی فراہم کر دیا ہے۔

## ۲۔ خبریں

اس سہولت کے ذریعے مارکیٹ کے شرکاء روزانہ ہر گھنٹے اور ہر منٹ مارکیٹ کے بارے میں جاری ہونے والی معلومات سے خود کو آگاہ رکھ سکتے ہیں۔ مزید برآں اس سہولت کو استعمال کرتے ہوئے فنانشل میڈیا میں چھپنے والی بصیرت انگیز خبروں کو محفوظ کیا جا سکتا ہے۔

## ۳۔ پش نوٹیفیکیشنز

اس فیچر کے ذریعے مارکیٹ کے شرکاء اب پش نوٹیفیکیشنز ایم ٹی 5 کو موبائل ایپلیکیشن پر وصول کر سکتے ہیں۔ جب مارکیٹ کے شرکاء ایم ٹی 5 کی موبائل ایپلیکیشن آئی او ایس یا اینڈرائیڈ کیلئے ڈاؤن لوڈ کر لیتے ہیں تو ان کو بروقت الرٹس اور اپ ڈیٹس جو ایکسچینج پش نوٹیفیکیشنز کے ذریعے بھیجتا ہے ان کے موبائل پر وصول ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

## ۴۔ ایم ٹی 5 ویب پلیٹ فارم

ایم ٹی 5 ویب پلیٹ فارم کے ذریعے مارکیٹ کے شرکاء بھی براؤزر یا ڈیوائس کے ذریعے فیوچرز میں ٹریڈنگ کر سکتے ہیں۔ ایم ٹی 5 ڈیسک ٹاپ میں فراہم کردہ تمام ہی فنکشنز سے ایم ٹی 5 ویب پلیٹ فارم کے ذریعے براہ راست رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ ایک انٹرنیٹ کنکشن کی موجودگی میں مارکیٹ کے شرکاء اپنے اکاؤنٹ اور ہونے والی ٹریڈ کی تفصیلات نہایت آسانی سے حاصل کر سکتے ہیں۔ ویب پلیٹ فارم پر کی جانے والی ٹریڈنگ محفوظ ہے اور بھیجی جانے والی معلومات کے محفوظ طریقہ سے انکرپٹ کی جاتی ہیں۔ ایم ٹی 5 ویب پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ شروع کرنے کیلئے http://www.pmex.com.pk/ mt5.web.terminal لاگ ان کریں۔

اہم وضاحت: اکنامک کلینڈر اور خبریں ایم ٹی 5 کی فراہم کردہ سہولتیں ہیں جو تھرڈ پارٹی پراڈکٹس کے زمرے میں آتی ہیں۔ پی ایم ایکس ان میں فراہم کردہ معلومات کی کسی غلطی / بے ضابطگی کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ کاروبار میں کسی قسم کے منافع یا نقصان جو براہ راست یا بالواسطہ ان معلومات کو استعمال کرنے سے ہوں ان کی ذمہ داری صرف استعمال کرنے والے پر ہوگی۔

# پی ایم ای ایکس کے منیجنگ ڈائریکٹر کی منسٹر میری ٹائم افیئرز سے ملاقات

پی ایم ای ایکس کے منیجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے میری ٹائم افیئرز کے وزیر علی زیدی سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کے دوران شاہ صاحب نے عزت مآب وزیر کو ایکسچینج کی 13 سال کی کارکردگی کے بارے میں بتایا اور وزیر موصوف کو ان اقدامات کے بارے میں بھی بتایا جو مقامی کموڈیٹیز کیلئے ایک قابل اعتماد ایکو سسٹم تیار کرنے کیلئے اٹھائے جا رہے ہیں جس کے ذریعے ایکسچینج کو حقیقی معیشت سے مربوط کر دیا جائے گا۔ انہوں نے وزیر موصوف کو پی ایم ای ایکس کی جانب سے تیار کیے جانے والے گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم کے بارے میں مختصراً بتایا جس کے ذریعے پیدا ہونے والی زرعی اور غیر زرعی مصنوعات کو جو پاکستان سے برآمد کی جاتی ہیں غیر ملکی خریداروں کو پیش کی جائیں گی۔

عزت مآب وزیر نے ایکسچینج کی ان کوششوں کو سراہا جو ایگری کلچرل کموڈیٹیز کی بھرپور مقامی مارکیٹ تیار کرنے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے پی ایم ای ایکس کو اپنے بھرپور تعاون اور مدد کا یقین دلایا جو پاکستان میں ایک فعال فیوچرز مارکیٹ کی نشو و نما کے لیے ضروری ہیں۔

# پی ایم ای ایکس الیکٹرانک ویئر ہاؤس رسید نظام میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) نے 2007 میں کام کرنا شروع کیا۔اس کے قیام کا مقصد مقامی طور پر پیدا ہونے والی ایگری کلچرل کموڈٹیز کے لیے ٹریڈنگ کی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کموڈٹیز کی ٹریڈنگ کے لیے مواقع فراہم کرنا تھا جو صفِ اوّل کے بین الاقوامی کموڈٹی ایکسچینج پر عام طور پر ٹریڈ کی جاتی ہیں۔

گزشتہ 13 سالوں کے دوران پی ایم ای ایکس ایک فعال قومی ادارے کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔اس نے اپنی پراڈکٹس کے مجموعے کو وسیع بنایا ہے۔اپنی پہنچ بڑھانے کے لیے نئے ممبرز اور لیکویڈٹی پروائیڈر کو شامل کیا ہے۔اسلام آباد اور لاہور میں برانچ آفس کھولے ہیں اور اپنے ٹیکنالوجی اور رسک مینجمنٹ سسٹمز کو اپ گریڈ کیا ہے۔اس وقت پی ایم ای ایکس ایک مؤثر اور قابل عمل پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے جہاں بین الاقوامی کموڈٹیز میں انویسٹ / ٹریڈ / ہیج کی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔اس کی پراڈکٹس کے مجموعے میں تقریباً وہ تمام پراڈکٹس شامل ہیں جو دنیا کے صفِ اوّل کے کموڈٹی ایکسچینج پر عام طور پر ٹریڈ کی جاتی ہیں۔



ایکسچینج چاہتا ہے وہ مقامی طور پر پیدا ہونے والی کموڈٹیز کے لیے ٹریڈنگ کا ایسا نظام تیار کرے جو قابلِ بھروسہ اور پائیدار ہو۔ اس مقصد کے حصول کے لیے پی ایم ای ایکس اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے کوشاں ہے جو حکومتِ پاکستان سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی سربراہی میں زرعی شعبہ میں الیکٹرانک ویئر ہاؤس رسید (ای ڈبلیو آر) کے نظام کے تحت قائم کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلہ میں پاکستان کی پہلی کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی (سی ایم سی) قائم کی جا چکی ہے اور توقع ہے کہ 2020ء کے وسط تک کام کرنا شروع کر دے گی۔اس کے ساتھ ساتھ ایکسچینج اپنا نظام سی ایم سی سے منسلک کرنے میں مصروف ہے جو کسانوں کو ایک مربوط ٹریڈنگ سسٹم فراہم کرے گا۔

ای ڈبلیو آر کے نظام کا تعارف پاکستان کے زرعی نظام میں انقلابی تبدیلیاں لانے کا سبب بنے گا۔اس بات کی توقع ہے یہ نظام ایگری کلچر ویلیو چین کے تمام ہی شرکاء کے لیے بے شمار فوائد لائے گا۔جس میں درج ذیل شامل ہیں:

اولاً یہ کاشتکاروں کے لیے قرضوں کے حصول کے لیے نئے مواقع فراہم کرے گا۔اس وقت کاشتکاروں کے لیے بینکوں سے قرض حاصل کرنا مشکل ہے کیونکہ ان کے پاس کوئی ایسا اثاثہ نہیں ہوتا جس کو رہن رکھا جا سکے۔نتیجتاً کاشتکاروں کو دو مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔(۱) ان کو اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے دیگر ذرائع سے قرضہ حاصل کرنا پڑتا ہے اور (۲) جب فصل تیار ہو جائے تو وہ آڑھتیوں کو اپنی فصل سستے داموں فروخت کرنے پر مجبور ہوتے ہیں تا کہ اپنی فوری مالی ضروریات کو پورا کر سکیں۔اس وجہ سے وہ اپنی فصل کی مناسب قیمت حاصل کرنے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ای ڈبلیو آر کے متعارف کئے جانے کے بعد کسان اپنی فصل بطور رہن رکھ کر بینکوں سے قرضے حاصل کر سکیں گے۔نتیجتاً وہ اپنی فصل مجبوراً بیچنے سے بچ جائیں گے اور اس کو اس وقت تک اپنے پاس رکھ سکیں گے جب تک قیمتیں ان کے لیے پرکشش نہ ہو جائیں۔جو ان کے لیے منافع کے امکانات بہتر بنائے گا۔

دوئم اس سے حکومت کو زرعی شعبہ میں دستاویز تیار کرنے میں مدد ملے گی جو زراعت میں خود کفالت کے حتمی ہدف کو حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔اس کا دیگر فائدہ یہ ہوگا کہ یہ شعبہ ٹیکس نیٹ میں آ جائے گا۔اس سے جڑے مزید فائدے یہ ہیں کہ فصل کے معیار کا تعین ہو سکے گا اور کٹائی کے بعد ہونے والے نقصانات پر قابو پایا جا سکے گا۔مزید برآں کٹائی کے بعد ہونے والے نقصان پر قابو پا کر محفوظ ہو جانے والی مقدار برآمد کر کے اضافی زرمبادلہ حاصل کیا جا سکے گا۔

سوئم ملک میں جدید اور اعلیٰ معیار کے ویئر ہاؤسز قائم کرنے سے سرمایہ کاری کے امکانات بڑھیں گے اور ملک بھر میں ان کی مینجمنٹ کے مواقع بڑھیں گے۔اس طرح سرمایہ کاری اور روزگار کی فراہمی کے نئے مواقع میسر آئیں گے۔

آخر میں پی ایم ای ایکس کا ٹریڈنگ پلیٹ فارم ای ڈبلیو آر کی ٹریڈنگ کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جو ملک بھر میں ایگری کلچرل کموڈٹیز کی ٹریڈنگ کا ایک مربوط اور فعال پلیٹ فارم بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ایکسچینج کو یقین ہے کہ ملک بھر میں پھیلا ہوا یہ نظام زرعی شعبہ میں انقلابی تبدیلیاں لانے کا سبب بنے گا۔

مستقبل میں پی ایم ای ایکس، ای ڈبلیو آر کی ٹریڈنگ کے پلیٹ فارم کو گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی ٹی پی) سے مربوط کرنے پر بھی کام کر رہا ہے جو اپنی نوعیت کا پہلا بین الاقوامی ڈیجیٹل ٹریڈنگ پلیٹ فارم ہوگا، جو پاکستان کی مقامی کموڈٹیز کو بین الاقوامی خریداروں کو بیچنے میں مددگار ہوگا اور ان کو مکمل سہولیات فراہم کرے گا۔دونوں نظام کو باہم مربوط کرنے سے مقامی کاشتکاروں کو ایک وسیع مارکیٹ میسر آئے گی جہاں وہ مقامی اور بین الاقوامی خریداروں کو اپنی مصنوعات فروخت کر سکیں گے۔

فی الوقت ایکسچینج ای ڈبلیو آر پلیٹ فارم اور جی ڈی پر پی ایم ای ایکس کے بورڈ اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی رہنمائی میں کام کر رہا ہے۔

# منیجنگ ڈائریکٹر کا پیغام



## میں آپ سب کو پلس کے سال 2020ء کے پہلے شمارے میں خوش آمدید کہتا ہوں۔

گذشتہ سال 2019ء پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) کے لیے ایک اور کامیاب سال تھا۔ ایکسچینج کے منافع اور ٹریڈنگ کے حجم میں خاطرخواہ اضافہ دیکھنے میں آیا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ مارکیٹ کے شرکاء ہمارے متنوع پراڈکٹ پورٹ فولیو سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر انویسٹ، ٹریڈ اور ہیج کر رہے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ آئندہ آنے والے سالوں میں ٹریڈنگ کے حجم میں مزید اضافہ ہوگا۔

ختم ہونے والے سال میں ہم نے اپنے پراڈکٹ پورٹ فولیو کو وسعت دینے کی کوششیں جاری رکھیں۔ اور مارکیٹ کے شرکاء کے لیے نئے مواقع فراہم کیے۔ ہم نے اس سال کے دوران گندم، مکئی، سویابین، پیلیڈیم اور جاپان ایکیوٹی انڈیکس کے نئے کیش سیٹلڈ کنٹریکس کا اندراج کیا۔

کلائنٹس کے مفاد کی حفاظت اور ان کے اعتماد کو بڑھانے کے لیے اس سال ڈائریکٹ فنڈ ماڈل (ڈی ایف ایم) متعارف کرایا۔ یہ ماڈل سرمایہ کاروں کو بااختیار بناتا ہے کہ وہ بروکر کے بغیر اپنی رقومات جمع کرائیں یا واپس نکالیں۔ اس طرح ان کو اپنے اکاؤنٹ پر مکمل اختیار حاصل ہو جاتا ہے۔ مارکیٹ کے شرکاء کو بہتر اور بغیر کسی رکاوٹ کے ٹریڈنگ کا تجربہ فراہم کرنے کے لیے ان کو مخصوص یونیورسل ایکسس نمبر (یوآئی این) فراہم کیے گئے۔

آئندہ آنے والے سالوں میں ایکسچینج کو مقامی معیشت سے جوڑنے کے لیے اپنے سسٹم کو کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی (سی ایم سی) کے نظام سے منسلک کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں جو الیکٹرانک ویئر ہاؤس رسید (ای ڈبلیو آر) کی ٹریڈنگ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے کی جا رہی ہے۔ ہمارا گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی ٹی پی) کے علاوہ جس کے ذریعے ہم لوکل کموڈٹیز بالخصوص ایگری کلچرل کموڈٹیز کی برآمد میں مدد فراہم کریں گے۔ مزید برآں ہم ان کے ٹریڈنگ کے تجربے کو زیادہ خوشگوار بنانے کے لیے ٹریڈنگ پلیٹ فارم میں مزید بہتری لانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ ہم سونے کی ٹریڈنگ کے لیے ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں جہاں سونا بآسانی خرید و فروخت کیا جا سکے۔

اس کے ساتھ ساتھ ہم مارکیٹ ٹریژی بلز اور پام آئل کے کیش سیٹلڈ کنٹریکس کی پی ایم ای ایکس پر لسٹنگ کے لیے کام کر رہے ہیں۔

آخر میں پی ایم ای ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور مارکیٹ کے شرکاء کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنھوں نے پی ایم ای ایکس کی ٹیم کی مسلسل رہنمائی کی اور ان پر بھروسہ کیا۔

شکریہ

اعجاز علی شاہ
(منیجنگ ڈائریکٹر)

# مندرجات


۱ منیجنگ ڈائریکٹر کا پیغام

۲ پی ایم ای ایکس الیکٹرانک ویئر ہاؤس رسید نظام میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار

۳ ایم ٹی 5 کے نئے فیچرز کا تعارف

۳ پی ایم ای ایکس کے منیجنگ ڈائریکٹر کی منسٹر میری ٹائم افیئرز سے ملاقات

۴ آگاہی پروگرامز

۵ پی ایم ای ایکس کووڈ-19 کے دوران مکمل آپریشنل

۶ پی ایم ای ایکس کی ملازمت کی مہم میں شرکت

۷ سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز

۸ دس سرفہرست بروکرز

۹ پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں

۱۰ اشیا کی قیمتوں کا رجحان





## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)


**ہیڈ آفس**
3-B، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ، گزری، کراچی۔ 75600، پاکستان

**لاہور آفس**
آفس نمبر 01، P2 فلور، علی ٹاور،
105-B2، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ 3، لاہور، پاکستان

**اسلام آباد آفس**
آفس نمبر جی۔۹ (بی)، آئی ایس ای ٹاور، جناح ایونیو،
بلو ایریا، اسلام آباد، پاکستان

کراچی: +92-21-111-623-623
اسلام آباد: +92-051-2894003-4
لاہور: +92-042-35752825-6
فیکس: +92-21-35155022

**کسٹمر سپورٹ سروسز**
UAN: +92-21-111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔اس کے شیئر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔ ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلیئرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔ پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پی ایم ای ایکس بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس)، ڈالین کموڈٹی ایکسچینج، ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) اور بیلاروشین یونیورسل کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کرچکا ہے۔




اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔

پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزائن: d.Studio
پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

شمارہ ۲۶ جنوری۔مارچ ۲۰۲۰

# پلس

نیوزلیٹر




PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE
PMEX

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE